جُرحِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

شش ماہی ''السیرۃ'' عالمی   مدیر: سید فضل الرحمٰن   نائب مدیر: سید عزیز الرحمٰن

ضخامت: ۴۰۰ صفحات   قیمت: ۱۵۰ روپے

ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز: اے۔۴/۱۷، ناظم آباد نمبر ۴۔ کراچی ۱۸

تبصرہ: دیدہ ور

کراچی سے شائع ہونے والے شش ماہی ''السیرۃ'' عالمی کا دسواں شمارہ اپنی تمام تر صوری و معنوی خوبیوں کے ساتھ منصۂ شہود پر ہے۔ چار رنگے سرورق پر مسجد نبوی اور اس کے مینار پستیوں میں بلندی درجات کی نشاندہی کر رہے ہیں اور تاریکیوں میں ہدایت کی روشنی پھیلا رہے ہیں۔ محترم سید فضل الرحمٰن صاحب اور جناب سید عزیز الرحمٰن صاحب نے بڑی محنت، خلوص، للّٰہیت اور جذبہ حُب رسول ﷺ سے سرشار ہو کر ''السیرۃ'' کا اجراء کیا تھا۔ حدیث پاک ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ'' کے مصداق اُن کے کام سے اُن کی نیت ظاہر ہو رہی ہے۔ پانچ برسوں میں ''السیرۃ'' نے ثابت کیا ہے کہ وہ واقعی ''سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کا نقیب ہے''

اس شمارے میں شامل علمی و تحقیقی مضامین کی ایک اجمالی فہرست ملاحظہ فرمائیں۔ حجاب اور تعلیمات نبوی، (پیغام سیرت، اداریہ) صبح سعادت، پروفیسر علی محسن صدیقی، خطبہ حجۃ الوداع، ڈاکٹر نثار احمد، السیرۃ النبویۃ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام (توضیحی مطالعہ) پروفیسر ظفر احمد، نبی اکرم ﷺ کا انصار مدینہ سے خطاب، ڈاکٹر محمود الحسن عارف، کلام نبوی ﷺ کی تاثیر، سید عزیز الرحمٰن، معاہدۂ حلف الفضول، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، مقالاتِ سیرت، ایک تعارفی جائزہ، پروفیسر اقبال جاوید، کتابیاتِ صلوٰۃ و سلام، شبیر احمد خان میواتی۔

''السیرۃ'' کا ہر شمارہ ایک مکمل کتاب ہے۔ سیرت طیبہ پر علمی و تحقیقی مواد کو اس اہتمام اور باقاعدگی سے شائع کرنا بڑی خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے۔ (آمین)

نام کتاب: معجزات سرورِ عالم ﷺ   مؤلف: میجر فتح محمد

ضخامت: ۸۰ صفحات   قیمت: ۳۰ روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ۔ برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد، نوشہرہ

تبصرہ: ابوالادیب

زیر نظر کتاب میں رسول اللہ ﷺ کے معجزات کا ذکر کیا گیا ہے۔ جن سے بے شمار انسانوں کو ہدایت ملی۔ اس کتاب کے مطالعہ سے یقیناً ایمان کو جِلا اور قلب کو حرارت ملتی ہے۔ گو زبان ایک عام آدمی کی ہے مگر ذکر اس عظیم ہستی کا ہے۔ جس کے لیے یہ کائنات سجائی گئی ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم